محترم والد/والدہ/کیئرر

**خط بسلسلہ: آسٹریلیا میں ابتدائی نشوونما کا سینسس**

اس خط اور اس کے ساتھ بھیجے گئے معلوماتی پرچے میں آسٹریلیا میں ابتدائی نشوونما کے سینسس (Australian Early Development Census (AEDC)) کے متعلق اہم معلومات اور آپ کے بچے/بچوں کی ذاتی تفصیلات کو برتنے کے مجوّزہ طریقے کے متعلق اہم معلومات شامل ہیں۔

ہمارا سکول اس سال مئی اور جولائی کے درمیان AEDC میں حصہ لے گا۔ AEDC ایک قومی سینسس (شماریاتی جائزہ) ہے جو آسٹریلین گورنمنٹ سٹیٹس اور ٹیریٹریز کی حکومتوں کے اشتراک کار سے، ہر تین سال بعد انجام دیتی ہے۔ اس میں یہ پیمائش کی جاتی ہے کہ کل وقتی سکول کا پہلا سال شروع کرنے کے وقت بچوں کی نشوونما کس درجے پر ہوتی ہے۔

AEDC میں شامل ہونا لوگوں کی مرضی پر منحصر ہے اور اس میں بچوں کی سکول میں کارکردگی کی پیمائش نہیں کی جاتی اور نہ ہی بچوں کے سکول کا موازنہ دوسرے سکولوں سے کیا جاتا ہے۔ بلکہ اس سے پتہ چلتا ہے کہ بچے پانچ اہم معاملات میں کیسے نشوونما اور ترقی پا رہے ہیں، کونسے کام اچھے طریقے سے کیے جا رہے ہیں اور کن معاملات کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ سکول، چھوٹے بچوں کے ادارے، محققین اور حکومتیں AEDC کے ڈاٹا کو بچوں اور خاندانوں کے لیے خدمات اور مدد کی منصوبہ بندی اور انہیں بہتر بنانے کے لیے استعمال کرتی ہیں۔ اس لیے یہ اہم ہے کہ سکول کے پہلے سال میں داخل تمام بچے AEDC میں شامل ہوں۔ آپ https://www.aedc.gov.au/ پر مزید معلومات لے سکتے ہیں کہ AEDC کے ڈاٹا کو کن طریقوں سے استعمال کیا جاتا ہے۔

**آپ کے بچے کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟**

AEDC کو اساتذہ بچوں کے متعلق اپنے علم کی بنیاد پر مکمل کرتے ہیں۔ بچوں کو سینسس میں شامل ہونے کے لیے کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور وہ سینسس کی انجام دہی کے دوران حسب معمول اپنی کلاس میں حاضر ہوں گے۔

سینسس مندرجہ ذیل تاریخ پر شروع ہو گا: ____________________

اساتذہ بچوں کی ابتدائی نشوونما کے پانچ اہم معاملات سے تعلق رکھنے والے سوالات کے جواب دیں گے، جو یہ ہیں: جسمانی صحت اور خوش و خرم زندگی، جذباتی پختگی، سوشل لیاقت، زبان اور ذہنی صلاحیتیں (سکول میں) اور کمیونیکیشن کی صلاحیتیں اور جنرل نالج۔ آپ https://www.aedc.gov.au/avedi پر تمام سوالات دیکھ سکتے ہیں۔

**آپ بھروسا کر سکتے ہیں کہ آپ کے بچے کی پرائیویسی کا تحفظ کیا جائے گا**

ہمیں احساس ہے کہ آپ کے بچے کی تفصیلات کو راز میں رکھنا کتنا اہم ہے۔ اسی لیے AEDC بچوں کی تفصیلات اکٹھی کرنے اور سنبھالنے کے لیے ایک سیکیور ویب سائیٹ استعمال کرتا ہے۔

معلوماتی پرچے میں اس بارے میں مزید معلومات دی گئی ہیں کہ AEDC کا ڈاٹا (جس میں آپ کے بچے کی تفصیلات بھی شامل ہیں) اکٹھا کرنے، محفوظ رکھنے اور استعمال کرنے کا کیا طریقہ ہے۔

**والدین کو کیا کرنے کی ضرورت ہے؟**

AEDC کے مقاصد کے لیے آسٹریلین گورنمنٹ کا ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن ہمارے سکول سے آپ کے بچے کے متعلق ذاتی تفصیلات لینے کے لیے آپ کی اجازت طلب کر رہا ہے۔ اس میں آپ کے بچے کی صحت کے متعلق معلومات بھی شامل ہیں۔

اگر آپ اپنے بچے کے متعلق تفصیلات اکٹھی کیے جانے کی اجازت دے رہے ہیں تو آپ کو کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

اگر آپ اپنے بچے کے متعلق تفصیلات اکٹھی کیے جانے کی اجازت نہیں دے رہے تو براہ مہربانی نیچے دی گئی تاریخ سے پہلے نیچے درج شخص سے رابطہ کریں۔ پھر آپ کے بچے کے متعلق تفصیلات اکٹھی نہیں کی جائیں گی:

رابطہ شخص کا نام ____________________

سکول کے رابطہ شخص کی رابطہ تفصیلات ____________________

اپنے بچے کو سینسس سے الگ رکھنے کے لیے سکول کے رابطہ شخص سے رابطہ کرنے کی آخری تاریخ ____________________

آپ اس تاریخ کے بعد بھی اپنی اجازت واپس لے سکتے ہیں۔ اگر آپ اجازت واپس لیں تو آسٹریلین گورنمنٹ کا ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن آپ کے بچے کے متعلق تفصیلات کا استعمال روک دے گا اور یہ تفصیلات کسی اور کو فراہم نہیں کی جائیں گی۔ تاہم جو معلومات پہلے ہی شیئر، رپورٹ یا شائع کی جا چکی ہوں، انہیں نکالا نہیں جا سکتا اور ان کا آئندہ استعمال میں رہنا ممکن ہے (لیکن ان معلومات میں آپ کے بچے کی انفرادی شناخت ظاہر نہیں کی جائے گی)۔

AEDC کے متعلق مزید معلومات کے لیے براہ مہربانی AEDC کی ویب سائیٹ پر اکثر پوچھے جانے والے سوالات کا حصہ پڑھیں: https://www.aedc.gov.au/parents/faq-for-parents یا 1800 092 548 پر فون کریں۔

آپ کے بچے کی تفصیلات کو صرف اس خط اور معلوماتی پرچے میں بیان کردہ مقاصد کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ AEDC کی ویب سائیٹ پر موجود پرائیویسی سٹیٹمنٹ مزید تفصیل فراہم کرتی ہے کہ بچے کی معلومات کو کیسے محفوظ رکھا جائے گا اور کیسے شیئر کیا جائے گا، جو آپ یہاں دیکھ سکتے ہیں: www.aedc.gov.au/parents/privacy-statement

AEDC کے ساتھ تعاون کرنے کے لیے شکریہ۔

پرنسپل

**فون پر ترجمے کی سروس**

اگر آپ کو سکول سے رابطہ کرنے کے لیے انٹرپریٹر کی مدد درکار ہو تو براہ مہربانی450 131 پر کال کریں، آپریٹر کو اپنی زبان بتائیں اور سکول کو فون کرنے کے لیے کہیں۔ آپریٹر بات چیت میں آپ کی مدد کے لیے ایک انٹرپریٹر لائن پر مہیا کر دے گا۔ اس سروس کے لیے آپ سے کوئی معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔